## یو۔ایس۔یو کے منعقدہ سالانہ اردو مقابلے مع تصاویر

ہرسال کی طرح امسال بھی اردو اسپیکنگ یونین کی جانب سے قومی سطح پر اردو میں مختلف مقابلے بڑی کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے تھے۔ یہ مقابلے بتاریخ ۱۵ اور ۱۷ مارچ ۲۰۱۶ء کو سری متی اندرا گاندھی کالج اور اسلامک کلچرل سنٹر میں کئے گئے تھے۔ غور طلب بات یہ ہے کہ مقابلوں کے سبھی فائنلز اسلامک کلچرل سنٹر میں ۲۳ مارچ ۲۰۱۶ء کو ہوئے تھے۔ امسال ایچ۔ایس۔سی والوں کے لئے ایک نیا مقابلہ 'زبانی سوال وجواب' رہا۔ اس میں حصہ لینے والوں نے ''مرزا غالبؔ'' کے موضوع پر سوالات وجوابات پیش کئے اور اس مقابلے میں کی کارکردگی بڑی عمدہ تھی۔



| مقابلے | درجات |
| --- | --- |
| ۱۔ خوش خطی | پانچویں جماعت |
| ۲۔ قصہّ گوئی | پانچویں جماعت |
| ۳۔ مضمون نگاری | چھٹی جماعت |
| ۴۔ املا | فارم ۱ |
| ۵۔ اسکیچ | فارم ۲ اور ۳ |
| ۶۔ گفتارنگاری | فارم ۴ اور ۵ |
| ۷۔ زبانی سوال وجواب | ایچ۔ایس۔سی |







ان اردو مقابلوں میں اس سال ۵۵۰ طلباء نے حصہّ لیا تھا۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ طلباء میں اردو سیکھنے کی دلچسپی بڑھ رہی ہے۔

موقع کا فائدہ اٹھا کر، ہم ان تمام اساتذۂ کرام کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے جنھوں نے براہِ راست یا بالواسطہ ان مقابلوں کے اہتمام میں تعاون دیا۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آئندہ بھی اساتذہ اور طلباء ان میں بڑھ چڑھ کے حصہّ لیں گے اور نہ صرف اردو زبان سے اپنی دلچسپی کا مظاہرہ کریں گے بلکہ اس طرح کی سرگرمیوں کے اہتمام میں منتظمین کی بھی حوصلہ افزائی کریں گے۔